© rasailojaraid.com

**ملفوظات شاہ عبد العزیزؒ** | شائع کردہ پاکستان ایجوکیشنل پبلشرز لمیٹڈ ۱۲- میری روڈ کراچی۔ بڑا سائز۔ ضخامت ۲۶۴ صفحات۔ قیمت سات روپے ۱۲ آنے۔

زیرِ نظر کتاب ہند و پاکستان کے اس مشہور صاحبِ علم و فضل خاندان کے ایک جلیل القدر فرد کے ملفوظات پر مشتمل ہے جس کے بارے میں یہ کہنا مبالغہ نہیں ہے کہ "ایں خانہ ہمہ آفتاب است" حضرت شاہ عبد العزیزؒ (۱۱۵۹ھ — ۱۲۳۹ھ) امام الہند شاہ ولی اللہؒ دہلوی کے لڑکے ہیں آپ کی تصنیفات میں سے تفسیر فتح العزیز، بستان المحدثین اور تحفۂ اثنا عشریہ سے ہر ذی علم واقف ہے "ملفوظات" حضرت شاہ صاحب کے ان ارشادات کا مجموعہ ہے جو آپ نے وقتاً فوقتاً مجلس ارشاد و ہدایت میں بیان فرمائے ہیں۔ اور جنہیں آپ کے ایک مرید قلم بند کرتے گئے تھے۔ شروع میں شاہ صاحب کے حالات و سوانح پر مفصل مقدمہ ہے۔ اور پھر ملفوظات کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے جن میں تاریخی واقعات، علمی نکات، تزکیہ و تصوف کے مسائل اور شرعی احکام کا بیش بہا ذخیرہ سامنے آتا ہے۔ آخر میں "کمالاتِ عزیزی" اور "مجرباتِ عزیزی" کے عنوان سے دو ابواب کا اضافہ ہے۔ "کمالاتِ عزیزی" بھی آپ کے ملفوظات پر مشتمل ہے جنہیں آپ کے ایک اور مرید نے مرتب کیا تھا۔ اور "مجرباتِ عزیزی" میں شاہ صاحبؒ کے خاندان کے ان مجرب اعمال و اوراد کا ذکر ہے جو شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ کی کتاب القول الجمیل میں بیان کئے گئے ہیں۔ آثارِ سلف کا احیاء ملّتِ اسلامی کی نہایت قابلِ قدر خدمت ہے ادارہ پاکستان ایجوکیشنل پبلشرز نے ملفوظات کا اردو ترجمہ شائع کر کے اپنے لیے بہت بڑی سعادت حاصل کر لی ہے اور اہلِ علم کی طرف سے شکریہ کا مستحق ہے۔

**ادب اور اسلامی قدریں** | تالیف جناب پروفیسر اسرار احمد خاں سہاروی، ناشر: مکتبہ چراغِ راہ۔ کراچی ۱۔ صفحات ۱۰۸۔ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے۔

پروفیسر اسرار احمد خاں سہاروی اس ملک کے اہلِ علم اور اہلِ قلم میں ایک ممتاز حیثیت کے حامل ہیں۔ گزشتہ پندرہ بیس سالوں میں انہوں نے اسلامی فلسفہ اور اسلامی ادب کے مختلف پہلوؤں پر بعض گراں قدر مقالات پیش کیے ہیں۔ زیرِ تبصرہ کتاب "ادب اور اسلامی قدریں" بھی ان کے اس

© rasailojaraid.com